# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد،24 اگست 2018ء

صدارتی انتخابات 2018ء کے متوقع امیدواروں کو یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ وہ صدر کے انتخابات کے حوالے سے کاغذات نامزدگی 27 اگست دن 12:00 بجے تک کسی بھی پریذائیڈنگ افسر جو کہ ہائیکورٹس کے چیف جسٹس صاحبان ہیں کے پاس جمع کرواسکتے ہیں۔کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 29 اگست 2018ء صبح 10:00 بجے شروع ہوگی کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال چیف الیکشن کمشنر/ریٹرننگ افسر الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکرٹریٹ اسلام آباد میں کریں گے۔کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے دوران امیدواروں کے تائید اور تجویز کنندگان اپنے ہمراہ سینیٹ یا متعلقہ اسمبلی کی جانب سے جاری کردہ شناختی کارڈ ضرور لائیں۔

-----------